1. مباح ہو

۱. مباح ہو

مسئلہ۱۰۱۔ نماز پڑھنے والے کی جگہ غصبی نہ ہو۔

مسئلہ۱۰۲۔ غصبی قالین یا بسترے پر نماز باطل ہے اگرچہ اس کی زمین (فرش) مباح ہو۔ اسی طرح غصبی زمین پر مباح قالین یا دری وغیرہ بچھائیں تو بھی نماز باطل ہے۔

مسئلہ۱۰۳۔ اگر مکان غصبی ہونے کا علم نہ ہو یا بھول جائے اور نماز پڑھ لے تواس کی نماز صحیح ہے۔

مسئلہ۱۰۴۔ اگر مکان غصبی ہونے کا علم ہو لیکن نہ جانتا ہو کہ غصبی جگہ پر نماز باطل ہے اور اس جگہ نماز پڑھ لے تو نماز باطل ہے۔

مسئلہ۱۰۵۔ اگر کوئی شخص جگہ کی ملکیت میں کسی دوسرے کے ساتھ شریک ہو اور ہر ایک کا حصہ جدا نہ ہوتو شریک کی اجازت کے بغیر اس جگہ نماز نہیں پڑھ سکتا۔

مسئلہ۱۰۶۔ اس جگہ نماز پڑھنا کہ جس کی منفعت کسی اور کے لئے ہو، اس شخص کی اجازت کے بغیر باطل ہے مثلاًکرایے کے مکان میں کرایہ دار کی اجازت کے بغیر مالک مکان یا کوئی اورنماز پڑھے تو اس کی نماز باطل ہے۔